© rasailojaraid.com

ناظم مرکزیہ میاں محمد جمیل صاحب نے اپنے خطاب میں اس بات پر خصوصی زور دیا کہ جامعات ومدارس مسلک کی چھاؤنیاں اور جماعت کی نرسریاں ہیں۔ ہم انہیں ہمیشہ پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کی اخلاقی وتعلیمی تربیت پر بھی خصوصی زور دیا۔ نیز انہوں نے فرمایا کہ ابنائے جامعات کو اپنے اپنے مادر علمی کے ساتھ وفاوصفا اور تعاون کا رشتہ ہمیشہ قائم رکھنا چاہیے اور جماعت بھی آپ کی بھلائی اور مدارس کی خیر خواہی کے لئے ہمیشہ بھرپور کردار ادا کرے گی۔

# تقریب صحیح بخاری شریف واہلحدیث کانفرنس

جامعہ علوم اثریہ جہلم کی پندرھویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف مورخہ 6 نومبر 98ء مطابق ۱۶ رجب ۱۴۱۹ھ بروز جمعۃ المبارک کو جامعہ میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کا آغاز خطبۂ جمعہ سے ہوا۔ محقق العصر حضرت مولانا ارشاد الحق اثری صاحب خطیب فیصل آباد نے بڑے ہی فاضلانہ اور محققانہ انداز میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

نماز جمعہ کے فوراً بعد باقاعدہ تقریب کا آغاز کیا گیا۔ جامعہ کے ننھے منے طلبہ نے تلاوت، اردو اور عربی میں نظمیں، نعتیں اور تقریریں پیش کیں۔ اس کے بعد شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر عام فہم انداز میں بڑا عالمانہ درس ارشاد فرمایا۔ جو کہ عصر کی نماز کے بعد بھی جاری رہا۔ اس کے بعد مولانا ارشاد الحق اثری صاحب نے سیرت وفقاہت امام بخاریؒ کے موضوع پر بڑے دلنشین انداز میں خطاب فرمایا۔ آخر میں رئیس الجامعہ نے مختصر خطاب کے بعد دعائے خیر سے اس تقریب کا اختتام کیا۔

رات کو بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہلحدیث چوک اہلحدیث میں عظیم الشان اہلحدیث کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس موقع پر بھی جامعہ کے ہونہار نونہالوں نے اردو۔ عربی اور پنجابی میں نظمیں، نعتیں اور تقریریں کیں۔ جس سے عوام بڑے محظوظ ہوئے۔ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے صدارتی خطاب کے بعد فارغ التحصیل ہونیوالے طلبہ میں شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب صاحب کی طرف سے خصوصی طور پر حدیث کی اجازت کی اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر ان دو طلبہ کو تقریر کا موقع دیا گیا جو آل پاکستان انعامی تقریری مقابلہ میں اردو وعربی میں پہلی دونوں پوزیشنیں حاصل کیں اس کے بعد مولانا محمد اشرف اوکاڑوی خطیب اسلام گڑھ اور شیر اسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ نثار خطیب گوجرانوالہ اور خطیب پاکستان حضرت مولانا قاری عبدالحفیظ صاحب فیصل آبادی نے خطاب فرمایا۔ حضرت مولانا حکیم حافظ عبدالرزاق صاحب سعیدی مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد کی دعائے خیر سے یہ کانفرنس اپنے اختتام کو پہنچی جو تقاریر، حاضری اور انتظامات کے لحاظ سے اپنی مثال آپ تھی۔

# جامعہ اثریہ للبنات کا اکیسواں سالانہ اجتماع

حسب سابقا امسال بھی مورخہ ۱۰، ۱۱ اکتوبر بروز ہفتہ اتوار اکیسواں سالانہ تربیتی اجتماع بڑے اھتمام سے منعقد ہوا۔ اجتماع ۱۰ اکتوبر کی رات ہی شروع ہو گیا۔ پہلی نشست میں شعبہ حفظ کی طالبات کا آپس میں حفظ قرآن مجید کا مقابلہ ہوا۔ اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنیوالی طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

رات کی دوسری نشست میں طالبات کا بین الجماعتی تقریری مقابلہ ہوا۔ موضوع تھا۔ (واعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا.....) اول، دوم، سوم اور حوصلہ افزائی کے انعامات تقسیم کیے گئے

۱۰ اکتوبر صبح کی پہلی نشست میں پاکستان بھر کے دینی مدارس اور جامعات کی طالبات کا مذکورہ بالا موضوع پر تقریری

© rasailojaraid.com